زلزلے نے لوگوں کے دل ہلا دیے ہیں!

لیکن کچھ اب بھی ایسے ہیں جن کے دل نرم نہیں پڑے۔ اس لیے کہ یہ دل نہیں پتھر ہیں۔ بلکہ پتھروں سے بھی زیادہ سخت' اس لیے کہ پتھروں سے تو پھر بھی چشمے جاری ہو جاتے ہیں۔

جن کے دل نرم پڑ گئے ہیں:

وہ توبہ استغفار کے ساتھ ساتھ اپنے ساتھ کچھ عہد بھی کریں

— رشوت نہیں لیں گے' کسی بھی طرح کی' کسی بھی بہانے بدعنوانی میں حصہ دار نہیں بنیں گے

— فحش اور بے حیائی کے کاموں کے قریب بھی نہ جائیں گے (اللہ کا حکم اس طرح ہے: قریب بھی نہ جاؤ' کھلے اور چھپے فواحش کے)

— اپنی ڈیوٹی جہاں بھی ہو' فرض شناسی اور خدمت کے جذبے سے کریں گے

اس عہد کو پورا کرنے میں اللہ' اس کے رسولؐ اور یومِ آخرت پر ایمان اور نمازِ پنجگانہ سے مدد لیجیے۔

اس عہد پر خود عمل کیجیے، معاشرے میں اس کا چلن عام کر دیجیے، پھر دیکھیے زندگی کتنی پاکیزہ اور پُرسکون ہو جاتی ہے:

مہنگائی خود ہی ختم ہو جائے گی' دفاتر میں' عدالتوں میں' درس گاہوں میں وقت ضائع نہ ہوں گے۔

اللہ کی رحمت بہ چشم سر پاکستان پر اترتی نظر آئے گی اور رزق میں برکت آپ محسوس کریں گے۔

اللہ ہمیں توفیق دے!

اور ——— جن کے دل اب بھی پتھر ہیں ———

کیا وہ کسی دوسرے زلزلے کے منتظر ہیں؟

(خیر خواہ)